روزنامہ

ٹیلیفون نمبر 047-6213029 FD-10

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

پیر 25/اکتوبر 2010ء 16ذیقعد 1431ہجری 25اخاء 1389ہش جلد 60-95 نمبر 219

## دائمی نعمتیں مانگتا ہوں

حضرت رفاعہ زرقیؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہؐ نے جنگ احد کے موقع پر یہ دعا کی۔

اے اللہ میں تجھ سے ایسی دائمی نعمتیں مانگتا ہوں جو کبھی زائل ہوں نہ ختم ہوں۔ اے اللہ میں تجھ سے غربت وافلاس کے زمانہ کیلئے نعمتوں کا تقاضا کرتا ہوں اور خوف کے وقت امن کا طالب ہوں۔ اے اللہ جو کچھ تم نے ہمیں عطا کیا اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور جو تم نے نہیں دیا اس کے شر سے بھی۔ اے اللہ! ایمان ہمیں محبوب کردے اور اسے ہمارے دلوں میں خوبصورت بنادے، کفر، بدعملی اور نافرمانی کی کراہت ہمارے دلوں میں پیدا کردے اور ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں میں سے بنا۔

(مسند احمد۔ حدیث نمبر 14945)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

(دین) سے سچی مراد یہی ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی رضا کے تابع اپنی رضا کرلے۔ مگر سچ یہ ہے کہ یہ مقام انسان کی اپنی قوت سے نہیں مل سکتا ہاں اس میں کلام نہیں کہ انسان کا فرض ہے کہ وہ مجاہدات کرے لیکن اس مقام کے حصول کا اصل اور سچا ذریعہ دعا ہے انسان کمزور ہے جب تک دعا سے قوت اور تائید نہیں پاتا اس دشوار گزار منزل کو طے نہیں کرسکتا۔ خود اللہ تعالیٰ انسان کی کمزوری اور اس کے ضعف حال کے متعلق ارشاد فرماتا ہے.........یعنی انسان ضعیف اور کمزور بنایا گیا ہے۔ پھر باوجود اس کی کمزوری کے اپنی ہی طاقت سے ایسے عالی درجہ اور ارفع مقام کے حاصل کرنے کا دعویٰ کرنا سراسر خام خیالی ہے۔ اس کے لئے دعا کی بہت بڑی ضرورت ہے دعا ایک زبردست طاقت ہے جس سے بڑے بڑے مشکل مقام حل ہو جاتے ہیں اور دشوار گزار منزلوں کو انسان بڑی آسانی سے طے کرلیتا ہے۔ کیونکہ دعا اس فیض اور قوت کے جذب کرنے والی نالی ہے جو اللہ تعالیٰ سے آتا ہے۔ جو شخص کثرت سے دعاؤں میں لگا رہتا ہے۔ وہ آخر اس فیض کو کھینچ لیتا ہے اور خدا تعالیٰ سے تائید یافتہ ہوکر اپنے مقاصد کو پالیتا ہے۔

ہاں نِری دعا خدا تعالیٰ کا منشاء نہیں ہے بلکہ اول تمام مساعی اور مجاہدات کو کام میں لائے اور اس کے ساتھ دعا سے کام لے۔ اسباب سے کام لے اسباب سے کام نہ لینا اور نری دعا سے کام لینا یہ آداب الدعا سے ناواقفی ہے اور خدا تعالیٰ کو آزمانا ہے اور نرے اسباب پر گر رہنا اور دعا کو لاشے محض سمجھنا یہ دہریت ہے یقیناً سمجھو کہ دعا بڑی دولت ہے جو شخص دعا کو نہیں چھوڑتا اس کے دین اور دنیا پر آفت نہ آئے گی وہ ایک ایسے قلعہ میں محفوظ ہے جس کے اردگرد مسلح سپاہی ہر وقت حفاظت کرتے ہیں۔ لیکن جو دعاؤں سے لاپروا ہے وہ اس شخص کی طرح ہے جو خود بے ہتھیار ہے اور اس پر کمزور بھی ہے اور پھر ایسے جنگل میں ہے جو درندوں اور موذی جانوروں سے بھرا ہوا ہے۔ وہ سمجھ سکتا ہے کہ اس کی خیر ہرگز نہیں ہے۔ ایک لمحہ میں وہ موذی جانوروں کا شکار ہوجائے گا اور اس کی ہڈی بوٹی نظر نہ آئے گی اس لئے یاد رکھو کہ انسان کی بڑی سعادت اور اس کی حفاظت کا اصل ذریعہ یہی دعا ہے۔ یہی دعا اس کے لئے پناہ ہے اگر وہ ہر وقت اس میں لگا رہے۔

(الحکم 24 ستمبر 1904ء ص 4)

دعا (دین) کا خاص فخر ہے اور.........کو اس پر بڑا ناز ہے۔ مگر یہ یاد رکھو کہ یہ دعا زبانی بک بک کا نام نہیں ہے بلکہ یہ وہ چیز ہے کہ دل خدا تعالیٰ کے خوف سے بھر جاتا ہے اور دعا کرنے والے کی روح پانی کی طرح بہہ کر آستانہ الوہیت پر گرتی ہے اور اپنی کمزوریوں اور لغزشوں کے لئے قوی اور مقتدر خدا سے طاقت اور قوت اور مغفرت چاہتی ہے اور یہ وہ حالت ہے کہ دوسرے الفاظ میں اس کو موت کہہ سکتے ہیں۔ جب یہ حالت میسر آجاوے تو یقیناً سمجھو کہ باب اجابت اس کے لئے کھولا جاتا ہے اور خاص قوت اور فضل اور استقامت بدیوں سے بچنے اور نیکیوں پر استقلال کے لئے عطا ہوتی ہے۔ یہ ذریعہ سب سے بڑھ کر زبردست ہے۔

مگر بڑی مشکل یہ ہے کہ لوگ دعا کی حقیقت اور حالت سے محض ناواقف ہیں اور اسی وجہ سے اس زمانہ میں بہت سے لوگ اس سے منکر ہو گئے ہیں کیونکہ وہ ان تاثیرات کو نہیں پاتے اور منکر ہونے کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ جو کچھ ہونا ہے وہ تو ہونا ہی ہے پھر دعا کی کیا حاجت ہے؟ مگر میں خوب جانتا ہوں کہ یہ تو نرا بہانہ ہے انہیں چونکہ دعا کا تجربہ نہیں اس کی تاثیرات پر اطلاع نہیں اس لئے اس طرح کہہ دیتے ہیں ورنہ اگر وہ ایسے ہی متوکل ہیں تو پھر بیمار ہوکر علاج کیوں کرتے ہیں.........جب کہ دوسری اشیاء میں تاثیرات موجود ہیں تو کیا وجہ ہے کہ باطنی دنیا میں تاثیرات نہ ہوں۔ جن میں سے دعا ایک زبردست چیز ہے۔

(الحکم 17 جنوری 1905ء ص 2)

## تحریک جدید کے سال کا اختتام

تحریک جدید کا سال 31/اکتوبر کو اختتام پذیر ہوتا ہے۔ جس کے پیش نظر تحریک جدید کی خدمت میں خلوص اور لگن سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔ اس ضمن میں حضرت مصلح موعود کا ایک ارشاد ان دنوں پیش نظر رکھا جائے فرمایا:۔

”میں جماعت کو پھر توجہ دلاتا ہوں کہ تحریک جدید تمہیں اس وقت تک کامیاب نہیں کرسکتی جب تک رات دن ایک کرکے کام نہ کرو اپنی راتوں اور دنوں پر قبضہ نہ کرلو اور ایسی عادت نہ ڈال لو کہ جس کام کو اختیار کرو اسی طرح کرو جس طرح ہمارے ملک میں کہتے ہیں ”تخت یا تختہ“

(مطالبات۔ نیا ایڈیشن صفحہ 153)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس جوش و جذبہ سے خدمات انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## سیدنا بلالؓ فنڈ اور آپ کا فرض

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

شہداء کے لئے فنڈ اللہ تعالیٰ کے فضل سے خلافت رابعہ سے قائم ہے اس فنڈ سے شہداء کی فیملیوں کا خیال رکھا جاتا ہے اور جماعت کا فرض ہے کہ ان کا خیال رکھے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیشہ ہم ان کا خیال رکھتے رہیں گے۔ تو بہرحال سیدنا بلالؓ فنڈ قائم ہے۔ جو لوگ شہداء کی فیملیوں کے لئے کچھ دینا چاہتے ہوں اس میں دے سکتے ہیں۔

(روزنامہ الفضل 20 جولائی 2010ء)

(مرسلہ: سیدنا بلالؓ فنڈ کمیٹی ربوہ)

## خصوصاً واقفین نو کے لئے

# سیرۃ النبی ﷺ از شمائل الترمذی

قسط نمبر 5

## نبی کریم ﷺ کے جوتے کا بیان

قتادہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالکؓ سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کے جوتے کیسے تھے؟ آپؓ نے فرمایا: ان کے دو فیتے (Strap) تھے۔

(عربوں میں عموماً جوتے سادہ ہوتے تھے۔ چمڑے سے جوتے کا تلا بنا کر اس پر فیتے (strap) لگا دیتے۔ ایسے جوتے کو نعل کہتے ہیں۔ جبکہ خف چمڑے کے موزوں کو کہتے ہیں جو ٹخنوں تک یا اس سے بھی اوپر ہوتے جیسے جرابیں ہوتی ہیں۔ نہایہ میں ہے قبال وہ فیتہ strap ہے جو جوتے میں دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے)۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے جوتوں کے دو فیتے تھے اور ان کے تسمے دوہرے تھے۔

عیسیٰ بن طہمان کہتے ہیں کہ حضرت انس بن مالکؓ نے ہمیں دو جوتے نکال کر دکھائے جن پر بال نہیں تھے اور ان دونوں کے دو فیتے تھے۔ مجھے بعد میں ثابت نے حضرت انسؓ سے بتایا کہ وہ نبی کریم ﷺ کے جوتے تھے۔

عبید بن جریج نے حضرت (عبداللہ) بن عمرؓ سے پوچھا: میں نے دیکھا ہے کہ آپؓ بغیر بالوں والے چمڑے کا جوتا پہنتے ہیں؟ انہوں نے کہا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو ایسے جوتے پہنے ہوئے دیکھا ہے۔ جن پر بال نہیں تھے آپؐ انہی میں وضوء فرماتے تھے اس لئے میں پسند کرتا ہوں کہ ان جیسے (جوتے) پہنوں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے جوتوں کے دو فیتے تھے۔

حضرت عمرو بن حریثؓ فرماتے ہیں: میں نے رسول اللہ ﷺ کو جوتوں میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا ہے جن میں چمڑے کے پیوند لگے ہوئے تھے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص ایک جوتے میں نہ چلے۔ یا دونوں جوتے پہنے یا دونوں اتار دے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے بائیں ہاتھ سے کھانے اور ایک جوتے میں چلنے سے منع فرمایا ہے۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جوتا پہنے تو دائیں سے شروع کرے اور جب اتارے تو بائیں سے شروع کرے۔ پس پہنتے وقت دایاں پہلے ہونا چاہئے اور اتارتے وقت دایاں بعد میں ہونا چاہئے۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ حتی الوسع ہر کام دائیں طرف سے شروع کرنا پسند فرماتے۔ اپنی کنگھی کرنے میں اور اپنا جوتا پہننے میں اور وضو کرنے میں۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کے جوتوں کے دو دو فیتے تھے اور حضرت ابوبکرؓ و حضرت عمرؓ کے بھی۔ ایک فیتہ کی ابتداء حضرت عثمانؓ نے فرمائی تھی۔

## رسول اللہ ﷺ کی انگوٹھی کا ذکر

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ حبشی تھا۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی جس سے آپؐ مہر لگاتے تھے۔ اور اسے پہنتے نہ تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ بھی اسی کا تھا۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ جب رسول اللہ ﷺ نے اہل عجم کے نام خطوط لکھنے کا ارادہ فرمایا تو آپؐ کو بتایا گیا کہ عجمی صرف وہ خط قبول کرتے ہیں جس پر مہر ہو۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے مہر بنوائی جس کی سفیدی گویا اب بھی میں آپؐ کے ہاتھ میں دیکھ رہا ہوں۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی انگوٹھی کا نقش اس طرح تھا ایک سطر میں مُحمد ایک سطر میں رَسُول اور ایک سطر میں اللّٰہ تھا۔

حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے کسریٰ اور قیصر اور نجاشی کی طرف خطوط لکھے تو آپؐ سے عرض کی گئی کہ وہ بغیر مہر کے خط قبول نہیں کرتے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے ایک مہر بنوائی جس کا حلقہ چاندی کا تھا اور اس میں ''محمد رسول اللہ'' کے الفاظ نقش تھے۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو اپنی انگوٹھی اُتار دیتے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی وہ آپؐ کے ہاتھ میں رہی۔ پھر حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں رہی۔ پھر حضرت عثمانؓ کے ہاتھ میں تھی یہاں تک کہ وہ اریس نامی کنوئیں میں گر گئی۔ اس پر ''محمد رسول اللہ'' کے الفاظ نقش تھے۔

## رسول اللہ ﷺ کے انگوٹھی پہننے کا بیان

حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنی انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنا کرتے تھے۔

حماد بن سلمہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے ابورافع کے بیٹے کو دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنے دیکھا۔ میں نے اس بارے میں اُن سے پوچھا۔ انہوں نے کہا: میں نے حضرت عبداللہ بن جعفرؓ کو دیکھا ہے کہ وہ دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے اور حضرت عبداللہ بن جعفرؓ نے فرمایا کہ نبی کریم ﷺ انگوٹھی اپنے دائیں ہاتھ میں پہنا کرتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن جعفرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

صلت بن عبداللہ کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباسؓ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے اور جہاں تک میرا خیال ہے یعنی حضرت ابن عباسؓ فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

حضرت (عبداللہ) بن عمرؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی۔ آپؐ اس کا نگینہ ہتھیلی کی جانب رکھتے تھے۔ اُس میں آپؐ نے ''محمد رسول اللہ'' کے الفاظ نقش کروائے اور لوگوں کو منع فرمایا کہ کوئی شخص ایسے الفاظ (انگوٹھی) پر کندہ کروائے۔ یہ وہی انگوٹھی تھی جو معیقیبؓ سے اریس کے کنوئیں میں گر گئی تھی۔

جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بتایا کہ حضرت حسنؓ اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے۔

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

### والدہ بیمار ہیں

ایک مرتبہ محترم ثاقب زیروی صاحب کی والدہ محترمہ بیمار ہوگئیں ثاقب صاحب نے دعا کے لئے فیکس لکھی لیکن یہ سوچ کر پھاڑ دی کہ اس سے حضور کو تکلیف ہوگی اور پھر دوسرے روز ایسی کیفیت ہوگئی کہ شاید زندگی اختتام پذیر ہے پھر فیکس دعا کے لئے تحریر کی مگر یہ سوچ کر کہ حضور کو تکلیف ہوگی پھاڑ دی کہ اگر یہی مرضی خدا ہے تو صبر کرلیں گے چند روز بعد حضرت کا ایک خط ملا جس میں لکھا تھا، بھائی تم خواب میں ملے ہو اور کہہ رہے ہو کہ والدہ کی طبیعت خراب ہے یہ وقت تھا میں نے یہ دعائیں کی ہیں اب بتاؤ ان کا کیا حال ہے ثاقب صاحب کہتے ہیں میں نے لکھا حضور یہ تو سنا تھا کہ خط لکھا دیا اور ادھر دعا شروع ہو گئی یہ نہیں سنا تھا کہ خط بھی نہیں لکھا اور دعا بھی ہو گئی فرمایا یہ تو تعلق کی بات ہے۔

(روزنامہ الفضل 2 مئی 2002ء)

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے سونے کی انگوٹھی بنوائی۔ آپؐ اسے دائیں ہاتھ میں پہنا کرتے تھے۔ اس پر لوگوں نے بھی سونے کی انگوٹھیاں بنوالیں۔ پھر آپؐ نے اسے پھینک دیا اور فرمایا: میں اس کو کبھی نہیں پہنوں گا۔ تو لوگوں نے بھی اپنی انگوٹھیاں پھینک دیں۔

## رسول اللہ ﷺ کی تلوار کا بیان

حضرت انسؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی تلوار کے قبضہ کے اوپر کا حصہ چاندی کا تھا۔

سعید بن ابوالحسن سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی تلوار کے قبضہ کے اوپر کا حصہ چاندی کا تھا۔

عبد اللہ بن سعید العبدی اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ فتح مکہ کے دن مکہ میں داخل ہوئے۔ آپؐ کی تلوار پر سونا اور چاندی لگا ہوا تھا۔ (راوی) طالب کہتے ہیں میں نے چاندی کے متعلق ان سے استفسار کیا تو انہوں نے بتایا کہ تلوار کے قبضہ کے اوپر کا حصہ چاندی کا تھا۔

ابن سیرین کہتے ہیں میں نے اپنی تلوار حضرت سمرہ بن جندبؓ کی تلوار کے نمونے پر بنوائی اور حضرت سمرہؓ کا کہنا تھا کہ انہوں نے اپنی تلوار رسول اللہ ﷺ کی تلوار کے نمونے پر بنوائی تھی۔ وہ احنف بن قیس کی تلوار کے طرز پر تھی۔

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

5

# سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ آئرلینڈ

## نیشنل مجالس عاملہ خدام و انصار کو ہدایات، روانگی اور لندن ورود مسعود

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب۔ ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

## 19 ستمبر 2010ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

صبح حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دفتری ڈاک ملاحظہ فرمائی۔

## حسین قدرتی مناظر کا مشاہدہ

آئرلینڈ کی مقامی جماعت نے آج آئرلینڈ کے ایک خوبصورت علاقے اور سیاحت کے لئے مقبول ترین جگہ The Cliffs of Moher کی سیر کا پروگرام ترتیب دیا ہوا تھا۔

یہ سارا علاقہ سرسبز ہے اور ایک پہاڑی سلسلہ پر مشتمل ہے اور اپنے اندر بہت سے حسین مناظر لئے ہوئے ہے۔ The Cliffs of Moher آئرلینڈ کے سب سے زیادہ خوبصورت مقامات میں شامل ہوتا ہے اور یہ جگہ سیاحوں کی توجہ کا مرکز ہے۔ یہاں بحر اوقیانوس کی لہریں کھڑی چٹانوں سے ٹکراتی ہیں اور ان عمودی چٹانوں میں سے بعض کی اونچائی تقریباً 214 میٹر ہے اور قریباً آٹھ کلومیٹر تک مغرب کی طرف یہ نظارے دیکھے جاسکتے ہیں۔

اس علاقہ سے گزرنے والے دریا کی شاخیں 300 ملین سال پرانی بتائی جاتی ہیں جس کے نشانات اب بھی پائے جاتے ہیں۔ ہر سال ان پہاڑوں اور نظاروں کو دیکھنے کے لئے پوری دنیا سے ایک لاکھ سیاح آتے ہیں۔ جولائی 2009ء میں New Cliffs of Moher کا نام Seven Wonders of Nature کی فائنل لسٹ میں 28 ویں نمبر پر آیا اور اس طرح اس کی مقبولیت اور بھی بڑھ گئی۔ سمندر کے پرندوں کی سب سے بڑی کالونی اسی جگہ پائی جاتی ہے اور یہاں اس علاقہ میں 20 مختلف اقسام کے 30 ہزار پرندوں کا بسیرا ہے۔ اس پورے علاقہ میں ایک خاص حفاظتی انتظام بھی کیا گیا ہے اور اس انتظام کو مزید بہتر بنایا جارہا ہے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز گیارہ بجے ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور قافلہ پروگرام کے مطابق آئرلینڈ کی کاؤنٹی Clare کے لئے روانہ ہوا۔ گالوے شہر سے اس جگہ کا فاصلہ 95 میل ہے۔ سیکیورٹی گارڈ پر مشتمل پولیس کی ایک گاڑی قافلہ کے ساتھ تھی۔ آج کے سفر کا بڑا حصہ سمندر کے ساتھ ساتھ تھا۔ یہ سارا علاقہ ہی بہت خوبصورت اور مختلف وادیوں کی شکل میں ہے۔ بعض جگہ خوبصورت جھیلوں نے یہاں کے قدرتی حسن کو دوبالا کردیا ہے۔ سفر کے دوران سمندر میں Aran Islands کے تین جزائر سرنکالے نظر آتے ہیں۔ یہ تینوں جزائر Inis Mor، Inis Meain اور Inis Oirr سرسبز و شاداب پہاڑوں کو اٹھائے ہوئے ہیں اور ان جزائر میں جگہ جگہ آبادیاں نظر آتی ہیں۔ یہ سارا سفر ہی بہت خوبصورت اور دل لبھانے والے مناظر پر مشتمل ہے۔

قریباً پونے دو گھنٹے کے سفر کے بعد، پونے ایک بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی یہاں تشریف آوری ہوئی۔ جونہی حضور انور گاڑی سے نیچے اترے تو Cliffs of Moher Visitor Experience کی ڈائریکٹر Mrs. Katherine Webster نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو درج ذیل الفاظ میں خوش آمدید کہا۔

Cliffs of Moher Visitor Experience اور Clare کاؤنٹی کی طرف سے میں عزت مآب حضرت مرزا مسرور احمد صاحب اور حضرت بیگم صاحبہ اور آئرلینڈ میں احمدیہ کمیونٹی کے ممبران اور بیرون ملک سے آنے والے مہمانوں کو اس کاؤنٹی میں خوش آمدید کہتی ہوں۔ ہمیں اس بات سے خوشی ہوئی کہ آپ نے اپنے مغربی آئرلینڈ کے وزٹ کے دوران یہاں آئرلینڈ کی قدرتی خوبصورتی والی جگہ Cliffs of Moher میں آنے کے لئے وقت نکالا۔

میں آئرش زبان میں یہاں کے روایتی الفاظ استعمال کرتے ہوئے آپ کو خوش آمدید کہتی ہوں۔ یہاں آنے پر ایک لاکھ مرتبہ خوش آمدید کہتی ہوں۔ براہ مہربانی اب میرے ساتھ Cliffs of Moher کے Tour (وزٹ) میں شامل ہوں۔

یہاں سیاحوں کے لئے خاص نمائش کا انتظام کیا گیا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو ایک خصوصی انتظام کے تحت یہ تصویری نمائش دکھائی گئی جہاں اس علاقہ سے متعلق تاریخ کے حوالہ سے بہت سی دلچسپ معلومات دی گئی ہیں۔ تصویری نمائش کے علاوہ 3D سکرین پر بھی ان پہاڑی چٹانوں سے سمندر کی ٹکرانے والی لہروں کے حوالہ سے اور سمندری مخلوق کے تعلق میں معلومات پر مشتمل مختلف مناظر دکھائے جاتے ہیں۔ حضور انور ایدہ اللہ نے بھی یہ مناظر دیکھے۔ اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ نے اس علاقہ کا وزٹ کیا اور مختلف مقامات سے سمندری لہروں کی ان عمودی چٹانوں کے ساتھ ٹکرانے کے مناظر کی تصاویر بھی بنائیں۔ یہاں پر ایک ٹاور بنایا گیا ہے جس کا نام O,Briens Tower ہے۔ اس پر چڑھ کر زیادہ وسیع علاقے کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔

میزبان ڈائریکٹر خاتون ساتھ ساتھ معلومات مہیا کر رہی تھی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے اس ٹاور (Tower) کے اوپر تشریف لے گئے اور مختلف زاویوں سے ان قدرتی مناظر کی تصاویر بنائیں۔ یہاں ہوا کی رفتار اس قدر تیز تھی کہ ٹوپیوں کو ہاتھ سے پکڑ کر سنبھالنا پڑتا تھا۔

دوپہر کے کھانے کا انتظام اسی علاقہ میں موجود ایک ریسٹورنٹ میں کیا گیا تھا۔ کھانے کے بعد تین بجکر دس منٹ پر یہاں سے واپس گالوے (Galway) کے لئے روانگی ہوئی۔ روانگی سے قبل حضور انور نے گائیڈ کا شکریہ ادا کیا۔ گائیڈ نے حضور انور کو الوداع کہا۔

ایک گھنٹہ پینتیس منٹ کے سفر کے بعد پونے پانچ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہوٹل تشریف آوری ہوئی اور حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

## تقریب آمین

پانچ بجکر بیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے نماز ظہر و عصر جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد تقریب آمین ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے درج ذیل چھ بچوں اور ایک بچی سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔

عزیزم دانیال احمد، علی قیم، خاقان ابراہیم، مرتضیٰ احمد، صباح الدین، ارسلان احمد اور عزیزہ نجیہ ملک کو اس تقریب میں شمولیت کی سعادت عطا ہوئی۔

## گالوے مشن ہاؤس

بعد ازاں پروگرام کے مطابق حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احمدیہ مشن ہاؤس گالوے کے وزٹ کے لئے تشریف لے گئے۔

یہ مشن ہاؤس جنوری 1989ء میں خریدا گیا تھا۔ 31 مارچ 1989ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے جمعہ کے موقع پر اس مشن ہاؤس کے باقاعدہ افتتاح کا اعلان فرمایا اور حضور نے اسی مشن ہاؤس میں قیام فرمایا۔

شام چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی مشن ہاؤس میں آمد ہوئی۔ مشن ہاؤس کے اردگرد کے علاقہ میں آباد ہمسائے حضور انور کی آمد سے قبل ہی حضور انور کے انتظار میں، مشن ہاؤس میں موجود تھے اور ان میں سے اکثر وہ تھے جو 1989ء میں یعنی آج سے 21 سال قبل حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ساتھ مل چکے تھے اور حضور کے ساتھ ایک جماعتی پروگرام میں شریک ہوچکے تھے۔ ان سبھی نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو مشن ہاؤس آمد پر خوش آمدید کہا۔ ان لوگوں نے حضور انور کی اس شہر گالوے (Galway) میں آمد پر حضور انور کو پھول بھجوائے تھے۔ حضور انور نے ان کا شکریہ ادا کیا۔

ان لوگوں نے بتایا کہ جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع یہاں آئے تھے تو ہم ان سے ملے تھے ایک فیملی نے حضور کے ساتھ اپنی تصویر بھی دکھائی۔

ان لوگوں نے حضور انور کو بیت مریم گالوے کی تعمیر پر مبارکباد دی اور حضور انور کے خطاب کے بارہ میں بتایا کہ ہم اس سے بہت متاثر ہوئے ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا جہاں تک میں نے گالوے شہر دیکھا ہے بڑا صاف ستھرا شہر ہے۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ میں پاکستان سے ہوں اور 2003ء سے لندن میں ہوں۔

یہاں کے مربی سلسلہ ابراہیم نونن صاحب نے بتایا کہ ہمارے ہمسائے بہت اچھے مہربان ہیں۔ اس پر حضور انور نے فرمایا کہ یہی دینی تعلیم ہے۔ دین حق میں ہمسایوں کو بہت سے حقوق دیئے گئے ہیں۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ نے ہمسایوں کو اتنے حقوق دیئے ہیں کہ مجھے خیال آیا کہ اب شاید یہ حکم آجائے کہ ہمسائے وراثت میں بھی حقدار ہیں۔ تو یہ حقوق ہیں جو دین نے ہمسایوں کو دیئے ہیں۔ بعد میں ایک سائکاٹرسٹ Patric نے حضور انور کو کہا کہ ہمسایوں کے بارے میں یہ بات بڑی عجیب ہے۔

حضور انور نے فرمایا ہم اپنے ہمسایوں کی بہت عزت کرتے ہیں۔ ان کا خیال رکھتے ہیں کہ ہمارے کسی کام کی وجہ سے ہمارے ہمسائے ڈسٹرب نہ ہوں۔

حضور انور نے فرمایا اب نئی جگہ پر بیت کی تعمیر کے بعد ہمارے مربی ابراہیم نونن صاحب اور ان کی فیملی یہاں سے شفٹ ہوجائے گی اور ان کے یہاں سے چلے جانے کی وجہ سے آپ ان کو Miss کریں گے لیکن یہ زیادہ دور نہیں جا رہے اس علاقہ کے قریب ہی ہیں۔

ایک سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا کہ میں نے یہاں گالوے میں اپنے قیام کو Enjoy کیا ہے اور اب آپ کے ساتھ یہاں بیٹھا Enjoy کر رہا ہوں۔

مہمانوں نے حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی خواہش کا اظہار کیا۔ چنانچہ مشن ہاؤس کے بیرونی لان (Lawn) میں ان سبھی مہمانوں نے مختلف گروپس کی صورت میں حضور انور کے ساتھ تصویر بنوانے کی سعادت پائی۔

## نیشنل عاملہ خدام الاحمدیہ

## کو ہدایات

ساڑھے چھ بجے یہاں سے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس ہوٹل تشریف لے آئے۔ جہاں پروگرام کے مطابق چھ بجکر چالیس منٹ پر نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

حضور انور کے دریافت فرمانے پر معتمد صاحب نے بتایا کہ خدام کی تعداد 68 ہے اور ہماری تین مجالس ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ آپ کو مجالس سے باقاعدہ رپورٹس آتی ہیں۔ ہر ماہ اپنی رپورٹ تیار کر کے مرکز کو بھجوایا کریں۔

مہتمم وقار عمل نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ مشن ہاؤس میں رنگ و روغن کا کام کیا ہے اور مشن ہاؤس کے بیرونی لان وغیرہ کی صفائی کی گئی ہے۔

مہتمم دعوت الی اللہ نے اپنی رپورٹ پیش کی اور بتایا کہ دعوت الی اللہ کے سٹال لگائے جاتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ Leaflets کی تقسیم کا پروگرام بنائیں۔ نیز فرمایا کہ جہاں سال کے اندراج میں غلطی ہے۔ اس کو درست کرنے کے لئے ایک مہر بنالیں جو غلط سال درج ہے اس پر سیاہ پٹی آجائے اور اس کے اوپر درست سال آجائے۔

حضور انور نے فرمایا 60 ہزار Leaflets آپ کے پاس پہلے موجود ہے۔ 70 ہزار مزید پرنٹ کروائیں۔ اتنا چھوٹا سا ملک ہے۔ پانچ سال میں کم از کم آپ کا تعارف ہر جگہ پہنچنا چاہئے۔ 45 لاکھ آبادی ہے۔ اس کا دس فیصد ساڑھے، چار لاکھ بنتا ہے۔ کم از کم دس فیصد تک تو جلد از جلد پیغام پہنچائیں۔

حضور انور نے فرمایا انٹرفیتھ (Interfaith) پروگرام کروائیں۔ یہاں پڑھے لکھے لوگ ہیں۔ اپنے ماحول میں، اپنے علاقہ میں سیمینارز کروائیں۔ اس طرح تعلق بھی بڑھے گا اور رابطے بھی وسیع ہوں گے۔

حضور انور نے فرمایا اس طرح کا پروگرام بنائیں کہ زیادہ سے زیادہ آپ کا تعارف پہنچ جائے کہ ہمارا پیغام کیا ہے، ہم کون ہیں، چند سالوں میں، ہر گھر تک، ہر شخص تک پہنچ جائے۔ پھر مزید تعارف چلے گا۔

مہتمم صنعت و تجارت کو مخاطب ہوتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ کچھ کام کروایا ہے۔ اپنا پروگرام بنائیں۔

مہتمم خدمت خلق سے حضور انور نے فرمایا کہ کیا پروگرام بنایا ہے۔ حضور انور کی خدمت میں یہ رپورٹ پیش کی گئی کہ اس ملک میں ایشین کا بلڈ (Blood) نہیں لیتے اس لئے بلڈ ڈونیشن کا جو پروگرام ہے اس پر یہاں عمل کرنا مشکل ہے۔

حضور انور نے فرمایا Old Homes میں جائیں، بوڑھوں سے ملیں، ان سے باتیں کریں۔ جو اسائلم سیکرز ہیں وہ جائیں اور باتیں کریں۔ اس سے ان کی زبان بھی بہتر ہوجائے گی۔

مہتمم تربیت اور تعلیم کو مخاطب ہوتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ اصلاحی کمیٹی ہونی چاہئیں۔ بنائیں یہاں تربیت کے مسائل ہیں۔ حضور انور نے فرمایا یہ جائزہ لیں کہ آپ کی عاملہ پانچ وقت کی نمازی ہے یا نہیں۔ حضور انور نے فرمایا جو خدام تعاون نہیں کرتے ان کی فہرست بنالیں۔ پھر انفرادی طور پر ہر ایک سے رابطہ کریں یا ان کے اپنے ایسے دوستوں کے ذریعہ جن کا جماعت سے اچھا تعلق ہے، ان کو قریب لائیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ کوئی عہدیدار ہی ان سے رابطہ کر کے ان کو قریب لائے بلکہ ان کے جس دوست کا جماعت سے اچھا رابطہ اور تعلق ہے اس کی مدد سے ان کو جماعت کے قریب لائیں۔

حضور انور نے فرمایا جو چھوٹی عمر کے ہیں ان کے والدین کو پتہ ہونا چاہئے کہ ان کا بچہ کیا کر رہا ہے۔

حضور انور نے فرمایا جماعتی پروگراموں کو اولیت ہے خدام کو ایک فرد جماعت کی حیثیت سے جماعتی پروگراموں میں تعاون کرنا چاہئے۔ جماعت کے پروگرام پہلے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا بحیثیت فرد جماعت ہر ذیلی تنظیم کا ممبر بھی اور عاملہ کے ممبرز بھی صدر جماعت کے ماتحت ہیں اور جماعتی پروگرام میں تعاون کرنے کے پابند ہیں۔

حضور انور نے فرمایا اگر کبھی جماعتی پروگرام اور کسی ذیلی تنظیم پروگرام میں ٹکراؤ ہو یعنی ایک ہی دنوں میں ہوں۔ تو جماعت کے پروگرام کو ترجیح ہوگی اور ذیلی تنظیم اپنے پروگرام کے لئے کوئی دوسرا وقت رکھ لے۔

حضور انور نے فرمایا خدام بھی اپنا رسالہ شائع کریں۔ لجنہ نے تو شائع کرلیا ہے۔ صدر صاحب خدام نے رسالہ کا نام رکھنے کی درخواست کی تو اس پر حضور انور نے فرمایا اپنے رسالہ کا نام طارق رکھ لیں۔

حضور انور نے فرمایا حضرت اقدس مسیح موعود کی کوئی کتاب بھی پڑھنے کے لئے مقرر کریں۔ اگر کوئی بڑی کتاب ہے تو اس کا ایک حصہ مقرر کرلیں اور پھر سال میں اس کے دو تین امتحان ہوں۔

حضور انور نے فرمایا جماعت اپنے نصاب میں جو کتابیں مقرر کرتی ہے۔ آپ بھی وہی رکھ لیں۔ خدام حقیقۃ الوحی رکھ لیں۔ اس کتاب کے مضامین پر مشتمل سوال و جواب الفضل میں شائع ہو رہے ہیں۔

مہتمم صاحب صحت جسمانی نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ یو۔کے میں منعقد ہونے والے کرکٹ ٹورنامنٹ میں ہماری ٹیم نے شرکت کی تھی۔ حضور انور نے فرمایا جب بیت الذکر اور مشن ہاؤس بنے گا تو کھیل کا انتظام ہو جائے گا۔ ٹیبل ٹینس وغیرہ شروع کریں۔

مہتمم تجنید نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ہر خادم کی تجنید تیار کرتے ہوئے نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، تعلیم، پیشہ، بلڈ گروپ اور ایڈریس وغیرہ درج کئے جاتے ہیں۔

مہتمم مال نے اپنی رپورٹ پیش کی اور بتایا کہ خدام کا 9500 یورو کا بجٹ ہے۔ خدام کا ماہانہ چندہ ایک فیصد لیتے ہیں اور طلباء اور اسائلم سیکرز سے دو یورو ماہانہ وصول کرتے ہیں۔ حضور انور نے فرمایا کہ خدام کا جو چندہ جماعت کے اکاؤنٹ میں ہے وہ خدام کی امانت ہے۔ اس میں سے جو قواعد کے مطابق مرکزی شیئر ہے وہ مرکز کا ہے۔ وہ یہ خرچ نہیں کر سکتے۔ خدام الاحمدیہ کے سال کے اختتام پر جو رقم بچ جائے گی وہ ریزرو میں چلی جائے گی اور بغیر اجازت کے خرچ نہیں ہوسکتی۔ مرکز سے پوچھ کر اور اجازت لے کر خرچ ہوسکتی ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ قائدین اپنے سیکرٹریان کو Active کریں۔ اگر ناظم مال کا ہر خادم کے ساتھ رابطہ ہو تو پھر کوئی مشکل نہیں ہے۔ خدام اپنا چندہ کا نظام مضبوط کریں۔

حضور انور نے فرمایا آپ جو بھی بنیادیں بنائیں گے اور جو بھی طریق کار سیٹ کرلیں گے۔ بعد میں آنے والے انہی بنیادوں پر چلیں گے اور اس کے مطابق کریں گے۔ اس لئے شروع سے ہی آپ کے ہر کام کی مضبوط اور مستحکم بنیاد ہو۔

آخر پر نیشنل مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ آئرلینڈ کے ممبران نے حضور انور کے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کے سعادت حاصل کی۔ اس طرح خدام الاحمدیہ کی یہ میٹنگ سات بجکر پچیس منٹ پر اپنے اختتام کو پہنچی۔

## نیشنل عاملہ انصاراللہ

## کو ہدایات

بعد ازاں پروگرام کے مطابق ساڑھے سات بجے نیشنل عاملہ مجلس انصاراللہ آئرلینڈ کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ شروع ہوئی۔ حضور انور نے دعا کروائی۔

صدر صاحب انصاراللہ نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ ہماری دو مجالس ایسٹ اور ویسٹ ہیں اور کل تجنید 32 ہے۔ گزشتہ سال ہم نے اپنا پہلا اجتماع کیا تھا۔

حضور انور نے صدر صاحب انصاراللہ کو ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ صف دوم کے نائب صدر انصاراللہ کا بھی تقرر کریں۔

قائد تعلیم و تربیت نے اپنی رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد درس کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ لیکن اس میں حاضری کم ہوتی ہے۔ حضور انور نے فرمایا انصار کو توجہ دلائیں کہ اس میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ توجہ دلا کر دیکھا کریں کہ نتیجہ نکل رہا ہے یا نہیں۔

حضور انور نے فرمایا انصار اگر اپنی نمازوں پر حاضری ٹھیک کرلیں تو بچوں اور خدام کی حاضری خود بخود ٹھیک ہو جائے گی۔ انصار اپنے نوجوان بچوں اور چھوٹے بچوں کو بھی ساتھ لے کر آئیں۔ آپ کے صدر صاحب اپنے بچوں کو نمازوں پر لاتے ہیں تو یہی رویہ ہر ناصر کا ہونا چاہئے۔ نماز عشاء پر انصار کی سو فیصد حاضری ہونی چاہئے۔ انصاراللہ نے اپنی اصلاح کے ساتھ اپنے بیوی بچوں کی بھی اصلاح کرنی ہے۔

حضور انور نے فرمایا اپنا دینی علم خود بڑھائیں۔ جو نماز کے سنٹر سے دور رہتے ہیں تو وہ اپنے گھروں میں باجماعت نماز اور درس کا انتظام کریں۔ آپ سب گھروں میں مستعد ہو جائیں تو تربیت کا کام بھی ہوسکتا ہے اس لئے اس طرف بہت توجہ دیں۔

قائد مال نے رپورٹ پیش کرتے ہوئے بتایا کہ انصاراللہ کا بجٹ 7114 یورو ہے اور 480 یورو اجتماع ہے۔ حضور انور نے فرمایا جو مرکزی شیئر ہے وہ علیحدہ جماعت کے پاس رکھوا دیا کریں اس پر آپ کا حق نہیں ہے۔ باقی جو سال کے اختتام پر بچتا ہے وہ ریزرو میں چلا جاتا ہے۔ ریزرو میں

چلے جانے کے بعد انصاراللہ آئرلینڈ کی ہی رقم ہوگی لیکن اس پر آپ کو مرکز کی منظوری کے بغیر خرچ کرنے کا اختیار نہیں ہے۔

قائد مال نے بتایا کہ کمانے والوں سے ایک فیصد چندہ لیتے ہیں۔ جن کو سوشل ملتی ہے وہ بھی ایک فیصد چندہ ادا کرتے ہیں۔ جو اسائیلم سیکرز ہیں وہ دس یورو سالانہ ادا کرتے ہیں۔

حضور انور کی خدمت میں ایک عہدیدار نے عرض کیا کہ میں ایک گاؤں میں رہتا ہوں اور وہاں ہم دو احمدی فیملیز ہیں۔ میں اپنے گھر میں بیوی بچوں کے ساتھ نماز ادا کرتا ہوں۔ دوسرے فیملی کے سربراہ عموماً Job پر ہوتے ہیں اس پر حضور انور نے فرمایا جس دن اپنے کام پر نہ ہوں تو آجایا کریں اور آپ لوگ اکٹھے نماز پڑھ لیا کریں۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت دیتے ہوئے فرمایا کہ انصاراللہ کی رپورٹ ہر ماہ باقاعدگی سے آنی چاہئے جس ماہ کوئی میٹنگ وغیرہ نہ ہوئی ہو تو رپورٹ میں لکھ دیا کریں کہ اس ماہ کوئی میٹنگ نہیں ہوئی لیکن رپورٹ بھجوانے میں باقاعدگی ہونی چاہئے۔

قائد اشاعت اور قائد دعوت الی اللہ کو حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ Leaflets کی تقسیم کے لئے بھرپور طریق سے کارروائی ہونی چاہئے۔ ابھی صرف دو ہزار تقسیم ہوئے ہیں۔ اس میں جو سال کے اندراج کی غلطی ہے۔ وہ انصار سے درست کروا کے تقسیم کروائیں۔ چھوٹا ملک ہے یہاں تو چند سالوں میں ہر فرد تک احمدیت کا پیغام پہنچ جانا چاہئے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نیشنل مجلس عاملہ کے ممبران کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ آپ آج جو نمونہ قائم کردیں گے وہ پیچھے آنے والوں کے لئے نمونہ ہو جائے گا۔ نحن انصاراللہ پر ہر ناصر غور کرے تو پھر علم ہوگا کہ کون اپنے اس عہد میں کتنا پیچھے ہے۔

حضور انور نے فرمایا آپ خداتعالیٰ سے دعا مانگتے رہیں۔ خداتعالیٰ طاقت دیتا ہے اور جو کمیاں اور کمزوریاں رہ جاتی ہیں وہ اللہ کے فضل سے دور ہو جاتی ہیں۔ عاجزی سے اور محنت سے کام کرتے رہیں۔

حضور انور نے فرمایا سب سے زیادہ یہاں لجنہ کی تنظیم منظّم اور مستحکم ہے اور مستعد ہے اور اچھا کام کر رہی ہے۔

حضور انور نے فرمایا حضرت اقدس مسیح موعود کے زمانہ میں صوبہ سرحد میں احمدیت بہت پھیلی تھی لیکن بعد میں ان گھروں میں احمدیت میں کمزوری آتی گئی اور پھر بعض خاندان پیچھے ہٹ گئے۔ ان لوگوں کے گھروں میں ابھی بھی حضرت مسیح موعود کی کتب اور جماعت کا لٹریچر پڑا ہوا ہے۔ لیکن احمدیت آگے چلی نہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عورتوں نے تربیت نہیں کی۔ جو لوگ احمدی ہوئے تھے وہ خود تو قادیان جاتے تھے اور جلسوں میں شامل ہوتے تھے لیکن اپنی عورتوں کو نہیں لے کر جاتے تھے جس کی وجہ سے عورتوں کی تربیت نہ ہوسکی اور پھر آگے ان کی اولادیں بھی تربیت سے محروم رہیں اور غیروں میں رشتے ہونے بھی شروع ہوگئے۔ اس طرح آہستہ آہستہ یہ خاندان احمدیت سے دور ہوئے۔

حضور انور نے فرمایا بہت اچھی بات ہے کہ لجنہ مستعد ہے لیکن انصاراللہ کی ذمہ داری بھی بہت بڑی ہے۔ انصار کو اپنی ذمہ داریوں کی طرف پوری توجہ دینی چاہئے۔

مجلس عاملہ انصاراللہ کی حضور انور کے ساتھ یہ میٹنگ رات آٹھ بجے تک جاری رہی۔ آخر پر مجلس عاملہ انصاراللہ کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ گروپ فوٹو بنوانے کا شرف پایا۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز دفتر تشریف لے آئے۔ جہاں ایڈیشنل وکیل التبشیر نے اپنی دفتری ڈاک پیش کرکے ہدایات حاصل کیں۔

سوا آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہال میں تشریف لاکر نماز مغرب وعشاء جمع کرکے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

## 20 ستمبر 2010ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لاکر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

## آئرلینڈ سے روانگی

آج آئرلینڈ سے لندن کے لئے روانگی کا دن تھا۔ صبح سے ہی احباب جماعت مرد وخواتین، بچے بوڑھے ہوٹل کے بیرونی احاطہ میں جمع ہونے شروع ہوگئے تھے۔ سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ہوٹل سے باہر تشریف لائے اور اس موقعہ پر موجود تمام احباب کو شرف مصافحہ سے نوازا۔ خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔ چھوٹے بچے حضور انور کے قریب آتے۔ حضور انور انہیں پیار کرتے۔ روانگی سے قبل قریباً دس منٹ تک حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز احباب جماعت کے درمیان رونق افروز رہے۔ ہر ایک ان مبارک لمحات سے فیض پا رہا تھا اور ہر چھوٹا بڑا برکتوں سے اپنے دامن بھر رہا تھا۔ اس جدائی کی گھڑی میں مرد وخواتین اور بچوں، بچیوں کا اپنے پیارے آقا سے عشق اور محبت کا اظہار ان آنسوؤں سے ہو رہا تھا جو ان کی آنکھوں سے جاری تھے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور سب کو السلام علیکم کہا اور دس بجکر پچیس منٹ پر قافلہ Clayton ہوٹل سے انٹرنیشنل ایئرپورٹ ڈبلن (Dublin) کے لئے روانہ ہوا۔ پولیس کی ایک گاڑی قافلہ کے ساتھ تھی۔

گالوے شہر سے ڈبلن (Dublin) ایئرپورٹ تک 120 میل کی مسافت طے کرنے کے بعد بارہ بجکر بیس منٹ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ایئرپورٹ پر تشریف آوری ہوئی۔ ایئرپورٹ انتظامیہ کی طرف سے ایک خصوصی پروٹوکول انتظام کے تحت حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی گاڑی VIP لاؤنج کے سامنے مین گیٹ تک لائی گئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ VIP لاؤنج میں تشریف لے گئے۔ VIP لاؤنج میں قیام کے دوران خصوصی انتظام کے تحت سامان کی بکنگ اور بورڈنگ پاس کے حصول اور امیگریشن کی کارروائی مکمل ہوئی۔

ایئرپورٹ انتظامیہ نے مقامی جماعت کو VIP لاؤنج میں ہی دوپہر کے کھانے کا انتظام کرنے اور نمازیں ادا کرنے کی سہولت بھی مہیا کی تھی۔ چنانچہ دوپہر کے کھانے کا انتظام بھی یہیں کیا گیا۔ بعدازاں پونے دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ظہر وعصر کی نمازیں جمع کرکے پڑھائیں۔

لاؤنج میں قیام کے دوران حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نیشنل صدر جماعت آئرلینڈ ڈاکٹر علیم الدین صاحب اور مشنری انچارج آئرلینڈ ابراہیم نونن صاحب سے مختلف جماعتی امور پر گفتگو فرمائی اور ہدایات سے نوازا۔ مختلف معاملات میں ان کی راہنمائی فرمائی۔

پروگرام کے مطابق سوا دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو لاؤنج سے بذریعہ کار اس جگہ تک لے جایا گیا جہاں جہاز پارک کیا گیا تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جہاز میں سوار ہوئے۔

## لندن میں ورود

ایئر آئرلینڈ کی فلائٹ (Air Lingus) E1 168 تین بجے دوپہر ڈبلن سے لندن (برطانیہ) کے لئے روانہ ہوئی اور ایک گھنٹہ کے سفر کے بعد چار بجے ہیتھرو ایئرپورٹ لندن پہنچی۔ جہاز کے دروازہ پر ایئرپورٹ سٹاف کے ایک ممبر نے حضور انور کو Receive کیا اور ایئرپورٹ سے باہر تک چھوڑنے ساتھ آیا۔ ایئرپورٹ پر مکرم منصور احمد شاہ صاحب نائب امیر جماعت یو۔کے اور دیگر مرکزی اور جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا استقبال کیا۔

ایئرپورٹ سے روانہ ہوکر ساڑھے پانچ بجے سہ پہر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت فضل لندن میں تشریف آوری ہوئی۔ جہاں احباب جماعت کی ایک بڑی تعداد نے اپنے پیارے آقا کو خوش آمدید کہا۔ بیت الذکر کے بیرونی احاطہ میں ایک حصہ کی طرف خواتین جمع تھیں جبکہ دوسری طرف مرد احباب حضور انور کی آمد کے منتظر تھے۔ حضور انور خواتین کی طرف بھی تشریف لے گئے اور مرد احباب کی طرف بھی اور اپنا ہاتھ بلند کرکے سب کو السلام علیکم کہا اور بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے آئرلینڈ کے اس پہلے سفر میں جن افراد کو حضور انور کے قافلہ میں شمولیت کی سعادت حاصل ہوئی ان کے اسماء حسب ذیل ہیں۔

1۔ بیگم صاحبہ حضور انور حضرت سیدہ امۃ السبوح صاحبہ مدظلہا
2۔ مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری
3۔ مکرم بشیر احمد صاحب (دفتر پرائیویٹ سیکرٹری)
4۔ مکرم محمد احمد ناصر صاحب (نائب افسر حفاظت)
5۔ مکرم ناصر احمد سعید صاحب (عملہ حفاظت)
6۔ مکرم سخاوت علی باجوہ صاحب (عملہ حفاظت)
7۔ مکرم اعجاز الرحمٰن صاحب (عملہ حفاظت)
8۔ مکرم عمیر علیم صاحب (انچارج مخزن تصاویر)
9۔ خاکسار عبدالماجد طاہر (ایڈیشنل وکیل التبشیر)

بقیہ صفحہ 6 چکوال میں معجزہ

اور سبب ہے۔ یعنی وہی تجربہ جو ہم اپنے سکول کے زمانہ طالب علمی کی سائنس کی کتب میں پڑھتے آئے ہیں یعنی Capillary Action (یعنی کسی مائع کا پتلی نالیوں پر مشتمل جسم میں موجود شعری نظام کے اندر جذب ہوکر اوپر چڑھنے اور اترنے کا عمل) یعنی مائع دودھ کی Surface Tention (کسی سیال کی سطح پر جمنے والی جھلی کا تناؤ، جو اس کے رقبے کو گھٹا دیتا ہے) ہی اس مائع کو اوپر کی طرف یعنی چمچ سے باہر کو نکلنے میں مدد دیتی ہے اور اس کے فوراً بعد کشش ثقل کے زیراثر وہ مائع دودھ سامنے پڑے مجسمہ میں نیچے کو بہہ جاتا ہے۔

اب اس خاص معاملہ میں ہندوستان واقعی داد و تحسین کے لائق ہے کہ وہاں کی وزارتِ سائنس نے مذکورہ بالا ایسوسی ایشن کی اس وضاحت کو واقعی درست قرار دیا تب جاکر ملک میں جاری مذہبی جنونیت اور وارفتگی کی آگ آہستہ آہستہ مدہم ہوئی۔ ان مثالوں کو دیکھتے ہوئے کہا جاسکتا ہے کہ بلاشبہ اب یہی درست ترین وقت ہے کہ پاکستان کی سائنس اور ٹیکنالوجی کی وزارت کو اس مزعومہ ''معجزۂ چکوال'' کی تحقیقات کرنی چاہئے اور اس سے ملتے جلتے دوسرے واقعات کی بھی۔ بلاشبہ ہمارے مجموعی طور پر ایسے قومی رویوں کا ہی ثمرہ ہے کہ ہماری قوم پسماندگی اور جہالت کی حالت میں قید ہے۔

(ڈیلی ڈان لاہور مورخہ 18 مئی 2010ء)

تحریر: ڈاکٹر پرویز ھود بھائی صاحب ............... انگریزی سے ترجمہ: مکرم طارق حیات صاحب

# چکوال میں ’’معجزہ‘‘

گزشتہ دنوں پاکستان بھر میں عوام کے مذہبی جوش وجذبہ میں بے پناہ اضافہ دیکھنے میں آیا۔ پس منظر کی تلاش کریں تو پتہ چلتا ہے کہ ایک روایت بیان کی گئی کہ چکوال کے ایک قریبی گاؤں ’’دھرابی‘‘ میں ایک خاموش رات میں اچانک ایک بہت بڑا نقش پا ظاہر ہوا ہے اور ساتھ ہی دعویٰ کیا گیا کہ یہ نقشِ پا آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔

اسلام آباد سے گاڑی پر دو گھنٹے کی مسافت پر واقع ’’دھرابی‘‘ گاؤں میں اب تک کراچی سے سوات تک کے ہزار ہا ہزار لوگوں کا آنا جانا ہو چکا ہے۔ وہ تمام لوگ اپنے اس سفر سے برکات، روحانی روشنی، معجزانہ شفایابی کا حصول اور زندگی کی تلخیوں اور سختیوں سے نجات کی امیدیں وابستہ کرتے ہوئے آتے ہیں۔ دھرابی گاؤں کو جانے والا وہ راستہ جس پر پہلے شاذ ہی کوئی گاڑی دوڑتی نظر آیا کرتی تھی اب وہاں زائرین، دوکانداروں اور خوانچہ فروشوں کے ٹھٹھ، اور دن رات کھلے رہنے والے کھانے پینے سے متعلقہ کاروبار دیکھے جاسکتے ہیں اور سب سے بڑھ کر مقدس تصاویر اور تبرکات کی فروخت کا کاروبار تو خوب چمک رہا ہے۔ اس گاؤں کے تعلق میں اگلی بات یہ ہے کہ وہاں بننے والی عالی شان پختہ یادگار کی تعمیر ابھی جاری ہے۔ بھلا یہ گاؤں اس سے کچھ زیادہ کی توقع کرسکتا تھا!!!

